Cambridge Assessment International Education

# Cambridge International A Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2022**

**2 hours 30 minutes**

You must answer on the enclosed answer booklet.

You will need: Answer booklet (enclosed)

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

**INSTRUCTIONS**

- Answer **three** questions in total in **Urdu**, each on a different text:
  - Answer **at least one question** from Section 1.
  - Answer **at least one question** from Section 2.
  - Answer **one other question** from **either** Section 1 **or** Section 2.
- Follow the instructions on the front cover of the answer booklet. If you need additional answer paper, ask the invigilator for a continuation booklet.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**

- The total mark for this paper is 75.
- Each question is worth 25 marks.

**ہدایات**

- کل **تین** سوالوں کے جواب **اردو** میں دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے:
  - **کم از کم ایک سوال** کا جواب حصہ 1 سے لکھیے۔
  - **کم از کم ایک سوال** کا جواب حصہ 2 سے لکھیے۔
  - اس کے علاوہ **ایک اور سوال** کا جواب حصہ 1 **یا** حصہ 2 سے لکھیے۔
- جوابی پرچے کے سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔ یہ ہدایات نیچے اردو میں بھی دی گئی ہیں۔ اگر آپ کو جواب لکھنے کے لیے زائد صفحات کی ضرورت ہو تو نگران سے اضافی کتابچے کے لیے رابطہ کریں۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**معلومات**

- اس پرچے کے لیے کل مارکس 75 ہیں۔
- ہر سوال کے 25 مارکس ہیں۔

This document has **8** pages. Any blank pages are indicated.

DC (SLM) 217242/1
© UCLES 2022

## جوابی کتابچے کے لیے ہدایات

کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ آپ ڈایا گرام یا گراف کے لیے ایچ بی پینسل استعمال کر سکتے ہیں۔


اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر اس صفحے پر اوپر کی جانب دی گئی جگہوں پر لکھیے۔ اپنا جواب واضح طور پر لکھیے۔

کریکشن فلوئڈ یا سیاہی مٹانے والا قلم استعمال **مت** کریں۔

کسی بھی بار کوڈ پر **مت لکھیے**۔

اپنے جوابات اس کتابچے میں لکھیے۔ صفحات کے دونوں طرف لکھیے۔ نیا جواب شروع کرنے سے پہلے ہر جواب کے آخر میں دو سطریں چھوڑ دیجیے۔

آپ جس سوال کا جواب لکھ رہے ہیں اس کا نمبر دائیں طرف کے حاشیے میں انگریزی میں لکھیے۔




اگر آپ کا منتخب شدہ سوال مختلف حصوں پر مشتمل ہو مثال کے طور پر 1 (a) تو اس حصے کا نمبر انگریزی میں دوسرے حاشیے میں لکھیے۔

تمام اضافی کام اسی جوابی کتابچے میں قلم سے کیجیے۔ جو حصہ ممتحن کے لیے **نہیں** ہے اسے کاٹ دیں مگر یہ خیال رہے کہ وہ کٹا ہوا حصہ پڑھا جا سکے۔

اس کتابچے کا کوئی بھی حصہ الگ **نہ کریں**۔

تمام کاغذات واپس کر دیں۔ اگر آپ نے کوئی اضافی کتابچہ استعمال کیا ہے تو اسے بھی جوابی کتابچے میں رکھ کر واپس کر دیں۔

© UCLES 2022

**BLANK PAGE**

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔ آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے منتخب کیے ہوئے سوالوں کے نمبر واضح طور پر **انگریزی** میں لکھیے۔

## پہلا حصہ

**1** غزلیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبہ رو کرتے
ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے
جو دیکھتے تری زنجیر زلف کا عالم
اسیر ہونے کی آزاد آرزو کرتے
یہ کعبے سے نہیں بے وجہ نسبت رخ یار
یہ بے سبب نہیں مردے کو قبلہ رو کرتے
ہمیشہ رنگ زمانہ بدلتا رہتا ہے
سفید رنگ ہیں آخر سیاہ مو کرتے
لٹاتے دولت دنیا کو میکدے میں ہم
طلائی ساغر مے نقرئی سبو کرتے (آتش)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** آتش کی شاعری میں عشق و محبت کا روایتی رنگ نظر آتا ہے۔ مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** غالب نے اپنی شاعری میں سادگی کے جوہر بھی خوب بکھیرے ہیں۔ آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں ؟ اشعار کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

**2** نظمیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

گزر رہی ہے کچھ اس طرح زندگی جیسے
اسے کسی کے سہارے کی آرزو بھی نہیں
زمانے بھر کے دکھوں کو لگا چکا ہوں گلے
گزر رہا ہوں کچھ انجانی رہ گزاروں سے
مہیب سائے مری سمت بڑھتے آتے ہیں
حیات و موت کے پر ہول خارزاروں سے
نہ کوئی جادۂ منزل نہ روشنی کا سراغ
بھٹک رہی ہے خلاؤں میں زندگی میری
انہی خلاؤں میں رہ جاؤں گا کبھی کھو کر
میں جانتا ہوں مری ہم نفس مگر یوں ہی
کبھی کبھی مرے دل میں خیال آتا ہے (ساحر)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** نظم کبھی کبھی میں ساحر کی رومانی شاعری اپنے عروج پر نظر آتی ہے۔ تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** نظیر کی شاعری میں ان کے تہذیبی دور کا عکس نظر آتا ہے۔ اشعار کے حوالے سے بحث کیجیے۔

**3** نظمیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

گرد آلود چراغوں کو ہوا کے جھونکے
روز مٹی کی نئی تہہ میں دبا جاتے ہیں
اور جاتے ہوئے سورج کے وداعی انفاس
روشنی آ کے دریچوں کی بجھا جاتے ہیں
حسرت شام و سحر بیٹھ کے گنبد کے قریب
ان پریشان دعاؤں کو سنا کرتی ہے
جو ترستی ہی رہیں رنگ اثر کی خاطر
اور ٹوٹا ہوا دل تھام لیا کرتی ہے

(اختر الایمان)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا نظم میں مسجد کے بارے میں شاعر کے خیالات پر تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** ن۔م۔راشد تصورات اور خیالات میں بات کرنے کے بجائے حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں۔ اشعار کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

## دوسرا حصہ

**4** امراؤ جان ادا، مرزا ہادی رسوا

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** لکھنؤ میں معاشرتی برائیوں کی سب سے بڑی وجہ طوائف تھی۔ ناول امراؤ جان ادا کے حوالے سے بحث کیجیے۔

یا

**(b)** آپ کے خیال میں مصنف نے امراؤ جان ادا کے کردار کو کس طرح اردو ادب کا ایک زندہ جاوید کردار بنا دیا ہے؟ ناول کے حوالے سے تفصیل سے لکھیے۔

**5** افسانے

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** تقسیم کے وقت پاگلوں کے تبادلے کا فیصلہ کس حد تک ضروری تھا؟ افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

یا

**(b)** افسانہ مہالکشمی کا پل میں غریبوں کے بارے میں حکومت کا رویہ کس حد تک درست تھا؟ اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

**6** انار کلی، امتیاز علی تاج

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** انار کلی کو دیوار میں چنوا دینے کا فیصلہ اکبر کی بزدلی کا ثبوت تھا۔ ڈرامے کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** شہزادہ سلیم انار کلی سے محبت کے بارے میں بالکل سنجیدہ نہیں تھا۔ آپ اس بات سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟ ڈرامے کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

© UCLES 2022

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of Cambridge Assessment. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is a department of the University of Cambridge.